اسرار الصلوٰۃ
خواجہ میر درد دہلویؒ
مترجم: عادل اسیر دہلوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسرار الصلوٰۃ

خواجہ میر درد دہلویؒ

(مترجم)
عادل اسیر دہلوی

ملک بک ڈپو
3212، ترکمان گیٹ، دہلی۔110006
E-mail:aadilaseer@hotmail.com
Mobile : (0) 98 99 711 762

سلسلۂ مطبوعات ــــــــ ۱۷

ISBN: 81-87944-70-6

نام کتاب : اسرار الصلوٰۃ

مصنف : خواجہ میر درد دہلویؒ

مترجم : عادل اسیر دہلوی

صفحات : 48

تعداد : 1000

اشاعت اوّل: 2011ء

قیمت : پچیس روپے =/25

ناشر : ملک بک ڈپو

3212، ترکمان گیٹ، دہلی۔110006

مطبع : انیس آفسیٹ پرنٹرس

کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی۔110002

ASRARUS SALAT

By: Khawaja Meer Dard Dehlvi

MALIK BOOK DEPOT

3212, Turkman Gate, Delhi- 110006

E-mail: aadilaseer@hotmail.com

Mobile:098 99 711 762

Price: Rs. 25/-

خواجہ میر درد دہلویؒ

خواجہ میر درد دہلویؒ ۱۱۳۳ھ کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ تھا۔ وہ آپ کے والد ہی نہیں بلکہ روحانی مرشد و رہنما بھی تھے۔ انھوں نے فارسی میں دو کتابیں ''نالہ عندلیب'' اور ''رسالہ ہوش افزا'' تحریر کی تھیں۔ فارسی میں آپ کا ایک مختصر دیوان بھی تھا۔ حضرت خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ نے رسمی علوم کی باقاعدہ تحصیل نہیں کی تھی۔ آپ نے سلسلۂ نقشبندیہ محمدیہ جاری کیا تھا، اس لحاظ سے آپ امیر المحمدیین اور خواجہ میر درد، جو کہ آپ کے جانشین بھی تھے، اول المحمدیین کہلاتے ہیں۔ اپنے والد حضرت خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ کی وفات کے بعد آپ تاحیات طریقۂ نقشبندیہ محمدیہ کی ترویج و اشاعت میں مشغول رہے۔

خواجہ میر دردؒ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ سے حاصل کی تھی۔ تذکرہ نگار قدرت اللہ قاسم کے مطابق مفتی دولت مرحوم سے بھی چند ماہ رسمی تعلیم حاصل کی تھی، البتہ محمد حسین آزاد نے لکھا ہے کہ انھوں نے مفتی دولت مرحوم سے مثنوی مولانا روم کا درس لیا تھا۔ ناصر نذیر فراق کا بیان ہے کہ خواجہ میر دردؒ نے فارسی کے لیے سراج الدین علی خاں آرزو اکبرآبادی کی صحبت اختیار کی تھی۔

خواجہ میر دردؒ نجیب الطرفین سید تھے۔ آپ کے آباء و اجداد بہاء الدین نقشبندیہ سلسلے سے تھے اور بخارا کے قدیم باشندے تھے۔ آپ کے والد بزرگوار خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ نے اپنی فارسی تصنیف ''رسالۂ ہوش افزا'' میں تفصیل سے اس بارے میں لکھا ہے۔ خواجہ میر دردؒ نے بھی ''علم الکتاب'' میں اس کو صراحت سے بیان کیا ہے۔ علاوہ ازیں تمام ہم عصر

شاعروں اور تذکرہ نگاروں نے بھی آپ کا اور آپ کے والد بزرگوار خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ کا ذکر نہایت ادب اور احترام کے ساتھ کیا ہے، جو آپ کے خانوادے کی بزرگی پر دلالت کرتا ہے۔ خواجہ میر درد دہلویؒ کے ایک بیٹا اور دو بیٹیاں تھیں۔ بیٹے کا نام خواجہ ضیاء الناصر تھا اور وہ الم تخلص کرتے تھے۔ خواجہ میر دردؒ کے بھائی خواجہ محمد میر اثر کے بعد خواجہ ضیاء الناصر آپ کے جانشین مقرر ہوئے۔

خواجہ میر دردؒ دہلوی فارسی اور اردو کے اہم ترین شاعروں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ اُردو میں آپ کا دیوان اگرچہ مختصر ہے لیکن کیفیت میں بے مثال ہے۔ فارسی میں بھی آپ کا دیوان مختصر ہے البتہ اردو دیوان کے مقابلے میں ضخیم تر ہے۔ نثر میں آپ کی تمام تصانیف فارسی زبان میں ہیں۔ جن کی تعداد سات بتائی جاتی ہے۔ ان سات کتابوں کے علاوہ بھی کئی دیگر کتابوں کے نام تذکروں میں ملتے ہیں لیکن ان کا وجود ابھی تک ثابت نہیں ہو سکا ہے۔

فارسی نثر میں آپ کی سب سے پہلی تصنیف ایک مختصر سا رسالہ ''اسرار الصلوٰۃ'' ہے جو آپ نے پندرہ برس کی عمر میں رمضان کے آخری دنوں میں بحالت اعتکاف تحریر کیا تھا۔ دوسری تصنیف رسالہ ''واردات'' ۳۹ سال کی عمر میں لکھا۔ یہ تصنیف آپ کی فارسی رُباعیات کی عالمانہ تشریح ہے۔ ''علم الکتاب'' آپ کی تیسری تصنیف ہے۔ یہ آپ کی تصانیف میں سب سے زیادہ ضخیم کتاب ہے اور آپ کی اہم ترین، بلند پایہ تصنیف ہے، جس میں ''واردات'' کی مانند رباعیات کی شرح نہایت بسیط انداز میں کی گئی ہے۔ ان کے علاوہ چار کتابیں ''نالۂ درد، آہِ سرد، شمع محفل اور دردِ دل'' ہیں۔ یہ چاروں کتابیں عام طور پر رسائل اربعہ کے نام سے بھی مشہور ہیں۔ یہ چاروں کتابیں خواجہ محمد میر اثر دہلویؒ نے مرتب کی تھیں۔ ''دردِ دل'' اور ''شمع محفل'' دونوں کتابوں کی تصنیف کا آغاز ۱۱۹۵ھ میں ایک ساتھ ہوا تھا اور ان کے اختتام ۱۱۹۹ھ پر خواجہ میر درد نے اپنی وفات کی پیشین گوئی بھی کی تھی جو صدفی صد

درست ثابت ہوئی۔ آپ نے ۱۱۹۹ھ میں بعمر چھیاسٹھ سال، دہلی میں انتقال فرمایا اور اپنے والد مرحوم خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ کے قریب دفن ہوئے۔ اب یہ علاقہ بستی خواجہ میر دردؒ کے نام سے معروف ہے۔

رسالہ ''اسرار الصلوٰۃ'' خواجہ میر دردؒ کی سب سے مختصر اور اولین فارسی تصنیف ہے جس کا اردو ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ کتاب خواجہ میر درد نے رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کی حالت لکھی تھی۔ اس وقت آپ کی عمر صرف پندرہ سال تھی۔ پندرہ سال کی عمر میں ''اسرار الصلوٰۃ'' جیسی کتاب کی تصنیف حیرت انگیز ہے۔ رسالہ میں جگہ جگہ قرآنی آیات اور احادیث کے استعمال سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ متداول علوم پر زبردست قدرت رکھتے تھے۔ رسالہ کے اختتام پر خواجہ میر دردؒ نے بطور یادگار ایک رُباعی بھی تحریر کی ہے۔ اس سے علم ہوتا ہے کہ آپ نے پندرہ برس کی عمر سے پہلے ہی شاعری کا آغاز کر دیا تھا، یہاں تک کہ فارسی زبان میں رُباعی گوئی پر بھی قدرت حاصل کر لی تھی۔ آپ کے کلام میں فارسی کے علاوہ چند رُباعیات عربی زبان میں بھی ہیں۔

رسالہ ''اسرار الصلوٰۃ'' میں نماز کے ارکان اور اس کے متعلق نکات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ نکات خواجہ میر درد دہلویؒ کو اپنے والد خواجہ محمد ناصر عندلیبؒ کے فیضان صحبت سے اللہ تعالیٰ نے منکشف فرمائے تھے۔ یہ رسالہ سات فصلوں میں منقسم ہے۔ ہر باب کے آغاز میں فصل کی جگہ لفظ ''سر'' کا استعمال کیا گیا ہے۔ ارکانِ نماز چونکہ سات ہیں اس لیے کتاب کو بھی سات حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ نماز کے ارکان کے سات ہونے کا نکتہ یہ بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ بالغہ کے کمال سے اس کارخانۂ عالم کی بنیاد اور ان کا دارو مدار سات سات چیزوں پر رکھا ہے۔ چنانچہ افلاک سات ہیں، سیارے سات ہیں، طبقات الارض بھی سات ہیں اور شب و روز کی تعداد بھی سات ہے وغیرہ وغیرہ۔ البتہ آپ نے یہ وضاحت بھی

کردی ہے کہ نماز میں ہفت ارکان کیوں ہیں، اس کا صحیح علم تو اللہ تعالیٰ ہی کو ہے کیونکہ عبادات کے امور میں عقل کو دخل نہیں ہے۔

نماز کے ارکان اگر سات ہیں تو شرائط نماز بھی سات ہیں۔ خواجہ میر دردؒ نے نماز کے ارکان اور اس کے فضائل کی تفصیل کے ساتھ ساتھ نماز کے ہر رکن کی مناسبت سے اللہ تعالیٰ کی صفت کا بھی ذکر کیا ہے اور تمام ارکان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے کسی مخصوص اسم اور اس کی تجلی کے ظہور کا بیان بھی کیا ہے۔

رسالہ ''اسرار الصلوٰۃ'' کا ترجمہ متن کے ساتھ شایع کیا جا رہا ہے اب چونکہ فارسی زبان کا رواج کم ہوتا جا رہا ہے اور آئندہ فارسی متن کی فراہمی مشکل تر ہوتی جائے گی۔ اس طرح اُمید ہے کہ آئندہ کچھ عرصے کے لیے فارسی رسالہ ''اسرار الصلوٰۃ'' بھی عام قارئین اور فارسی داں حضرات کی دسترس میں رہے گا۔

عادل اسیر دہلوی

(دلی: ۲۱ر جنوری ۲۰۱۱ء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسرار الصلوٰۃ

(فارسی سے اردو ترجمہ از: عادل اسیر دہلوی)

الحمد للہ رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ الذی ھو افضل المرسلین و علی آلہ و اصحابہ اجمعین۔

امابعد! بندۂ پُر تقصیر خواجہ میر محمدی المتخلص بہ درد غفر اللہ لہ عرض کرتا ہے کہ جب اُس ہادی مطلق اور معبود برحق نے قبلۂ حقیقی و کعبۂ تحقیقی یعنی حضرت قبلہ گاہی مدظلہ العالی کے محض فیضان صحبت کے توسط سے نکات صلوٰۃ اور اسرارِ نماز بقدر حوصلہ اس فقیر پر منکشف کیے تو اُن کو لکھنے کی توفیق بھی عطا فرمائی تا کہ عارفانِ محقق اس کے مطالعہ سے نہایت مسرت اور عابدان باریک بین اُس کے مشاہدہ سے ترقیاں حاصل کریں اور اس رسالہ کا نام ''اسرار الصلوٰۃ'' رکھا اور ''فصل'' کی جگہ لفظ ''سر'' مقرر کیا اور چونکہ فرائض نماز جن کو ''ارکان صلوٰۃ'' کہتے ہیں، وہ سات ہیں، اس لیے رسالہ میں بھی اس کے مطابق ''ہفت سر'' پر اکتفا کیا گیا ہے۔ **واللہ علی مانقول وکیل.** اور اس کا اصل سبب کہ نماز میں ہفت ارکان کیوں مقرر ہیں، حق سبحانہٗ تعالیٰ ہی جانتا ہے کیونکہ عبادات کے امور میں عقل کو دخل نہیں ہے لیکن اگر کسی کو اللہ تعالیٰ کمال مہربانی سے احکام عبادات کے اسرار سے آگاہی عطا کرتا ہے اور ان کی حقیقت سے مطلع فرماتا ہے تو یہ ایک الگ عمل ہے، جو اس کے فضل و کرم سے تعلق رکھتا ہے۔ بہرحال سنتے ہیں کہ اللہ کی سنت اسی طریقے پر جاری ہے کہ اُس سبحانہٗ تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ کے کمال سے تمام دنیا کی بنیاد اور مدار سات سات چیزوں پر قائم کی ہے۔

چنانچہ آسمان کہ ظاہراطور پر کارخانۂ عالم اُن کی گردش سے تعلق رکھتا ہے، سات ہیں۔ اور سیارہ کے ستارے بھی سات ہیں اور زمین جو کہ موالید ثلاثہ کے قیام کا باعث ہے، اُس کے بھی سات طبق ہیں۔ اور رُبع مسکون جو کرۂ آب سے خارج ہے وہ بھی سات اقلیم میں منقسم ہے اور آدمی جو کہ عالم صغیر سے عبارت ہے اور ظاہر میں خود عالم خلق ہے، اس کے بھی سات اندام ہیں۔ اور باطن میں جو اس کا عالم امر ہے، اس کے بھی سات لطائف ہیں۔ اور اسی طرح ایام عالم کہ جن سے کارِجہاں کا تعلق ہے، وہ بھی سات ہیں۔ پس اسی طریقے پر اللہ سبحانہ' تعالیٰ نے نماز کو جو کہ امور عبادات میں سے ہے، اس کی بنیاد بھی سات ارکان پر قائم کی ہے، جن کے بغیر نماز کی تکمیل کا تصور نہیں کیا جا سکتا، **وذٰلک تقدیر العزیز العلیم.** پس جس شخص نے اپنے ہفت اندام کی مکمل طور پر اصلاح کی اور تزکیہ کے ذریعہ پاکیزگی حاصل کی اور اپنے ہفت لطائف کو ماسوا کی آلائشوں سے صاف کیا اور تصفیہ تک پہنچایا تو حقیقت میں اس کی ہی نماز تکمیل وکمال تک پہنچے گی۔ اور اگر ان میں سے کوئی ناقص رہ جاتا ہے تو نماز کی شرائط اور ارکان میں خلل واقع ہو جائے گا اور اس کے معنی یہ ہیں کہ گویا اس کی نماز ناقص ہوگی۔ چنانچہ اگر نماز کے ارکان سات ہیں تو شرائط نماز بھی سات ہی ہیں ہفت اندام کی تربیت اور ان کی اصلاح کا تعلق نماز کی شرائط سے وابستہ ہے اور لطائف سبعہ کی نامناسب خطرات سے محافظت کا تعلق بھی نماز کے ارکان سے ہے۔ **وباللہ التوفیق.**

سرِ اوّل: نماز کی حقیقت کا بیان کہ وہ کیا ہے۔ اس کی فضیلت اور وہ عروج جو کہ اس میں واقع ہوتا ہے۔ نیت اور تکبیر تحریمہ کا بیان اس شرح کے ساتھ کہ اس وقت سبحانہ' تعالیٰ کے کس اسم کی تجلی ظہور میں آتی ہے۔

سرِ دوم: قیام اور اس کے مقام کی تحقیق کا بیان اور اللہ تعالیٰ کے اس اسم کے ظہور کی تفصیل جو کہ اس سے مناسبت رکھتا ہے۔

سرِ سوم: قرأت اور سورۂ فاتحہ کی جامعیت اور ہر رکعت نماز میں اس کا ہر سورۃ کے ساتھ

ضم کرنے کے سبب کا بیان اور اس اسم کے ظہور کا بیان جو کہ اس موقع سے مناسبت رکھتا ہے۔

سرِ چہارم: رکوع اور اس سے مناسبت رکھنے والی چیزوں کا بیان اور اس اسم کا بیان جس کی تجلی اس وقت جلوہ گر ہوتی ہے۔

سرِ پنجم: سجدہ اور اس عروج کا بیان جو کہ سجدہ کے وقت حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذکر جس کی تجلی اس وقت جلوہ گر ہوتی ہے۔

سرِ ششم: قعدہ اور اس سے متعلق معارف کا بیان اور وہ اسم جو کہ اس وقت جلوہ گر ہوتا ہے۔

سرِ ہفتم: نمازی کے قولاً و فعلاً نماز سے باہر آنے کا بیان اور اس کا سبب کہ لفظ سلام نماز سے باہر آنے کے لیے کیوں واجب ہے اور سبحانہٗ تعالیٰ کے اس اسم کا بیان جو کہ اس وقت جلوہ گر ہوتا ہے اور کتاب کا اختتام۔

سرِ اوّل

نماز کی حقیقت کا بیان کہ وہ کیا ہے۔ اس کی فضیلت اور وہ عروج جو کہ اس میں واقع ہوتا ہے۔ نیت اور تکبیر تحریمہ کا بیان اس شرح کے ساتھ کہ اس وقت حق سبحانہٗ تعالیٰ کے کون سے اسم کی تجلی ظہور میں آتی ہے:-

جاننا چاہیے کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان الصلوٰۃ تنھیٰ عن الفحشاء والمنکر والبغیٰ۔ اور دوسری جگہ حضرت موسیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم دیتا ہے کہ: واقم الصلوٰۃ لذکری۔ پس حقیقتاً نماز طبعی طور پر امور منہیات اور غفلت سے باز رکھتی ہے اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے ذکر اور اس کی یاد میں مشغول کر دیتی ہے اور نماز ہی تمام عبادات کی جامع اور جملہ طاعات سے افضل ہے۔ چنانچہ ظاہر میں قرآن پڑھنا اور قبلہ رُو ہونا جس طرح نماز کے اجزا ہیں بالکل اسی طرح مراتب میں حقائق مقام، حقیقت قرآنی اور حقیقت کعبہ،

حقیقتِ نماز کے اجزا میں سے ہیں اور نماز عالم امر اور ملاء اعلیٰ کے کاموں میں سے ہے اور اس کی حقیقت اسمِ جامع اللہ تعالیٰ ہے اور اس کی اصل الاصل عزوجل حق سبحانہٗ تعالیٰ کی صفت ''الحیات'' ہے اور کوئی شخص اس لفظ اصل سے وہ اصل نہ سمجھے جس کے مقابل فرع متصور ہوتا ہے۔ حاشاوکلاّ یہ اصل، جزوفرع کے اطلاق سے پاک اور مبرّا ہے لیکن چونکہ ہر مقام کے لیے ایک مرتبہ ہے جو اُس کے فوق الفوق سے نسبت اور مناسبت ظاہر کرتا ہے اور کشف بین نگاہوں میں عالم مثال کے درمیان اس کی حقیقت اصل رنگ میں جلوہ گر ہوتی ہے اور اس تقدیر پر کوئی تبعض و تجزی اس مرتبۂ مقدس میں ثابت نہیں ہوتا اور اس میں صفت حیات بھی شامل ہے، چنانچہ جامع جمیع اسماء وصفات ہے۔ اسی طرح نماز کی حقیقت بھی تمام اعیان وحقائق کی جامع ہے اور یہی سبب ہے کہ نماز ہر شخص پر فرض ہے اور اس کا بجا لانا ضروری ہے۔ حضرت انسان کی جماعت ہی نہیں بلکہ تمام مخلوقات کو نماز کے سوا چارہ نہیں۔ اگرچہ نماز مکمل طور پر انسان کامل کے لیے ہے لیکن جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے مثلاً آفتاب، ماہتاب، کواکب، پہاڑ، درخت، چار پائے اور اکثر آدمیوں میں سے ہر کسی کو ارکان نماز کے رکن کا کوئی نہ کوئی حصہ حاصل ہے اور وہ حق سبحانہٗ تعالیٰ کا سجدہ بجالاتے ہیں اور یہ نماز کے کسی نہ کسی رکن سے نسبت رکھتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ہے: **الم تران اللّٰہ یسجد لہ من فی السمٰوٰت ومن فی الارض والشمس والقمر والنجوم والجبال والشجر والدواب وکثیر من الناس.** بلکہ وجدانی نظر میں ایسا معلوم ہوتا ہے نماز کی اصل الاصل صفت حیات ہے اور صفت **''الحیات''** تمام اسماء وصفات کی جامع اور اُن سب سے بالا ہے۔ پس اسمائے الٰہی کے لیے بھی نماز ناگزیر ہے اور اس کا اتباع ضروری ہے اور اسمائے الٰہی کی نماز یہی ذات باری تعالیٰ وتقدس کی طرف ان کا رُجوع ہونا ہے اور اس حدیث قدسی میں اس سے آگاہی حاصل ہوتی ہے **قف یا محمد ان ربک یصلی.** اور کوئی شخص لفظ صفت حیات سے اپنی زندگی اور حیات کو اس

مرتبہ مقدس پر قیاس نہ کرے اور نہ سمجھے۔ تعالیٰ اللہ عن ذالک علوا کبیرا کیونکہ اس زندگی کے مقابل موت ہے اور وہ حیات ضد اور نقیض سے پاک ہے: وھو الحی القیوم۔ اور جس شخص کا قدم منصب امامت میں راسخ ہے اس کو حقیقت نماز سے نصیب کامل حاصل ہے اور وہ جماعت اولیاء اور مقربین کا امام اور ان تمام کا پیشوا ہے اور سب لوگ اس کے پیروکار اور تابع ہیں۔ اور اس مرتبہ کے رئیس اور سردار حضرت حسنین رضوان اللہ علیھما ہیں۔ حدیث شریف: سید اشباب اھل الجنۃ الحسن والحسین۔ اس مقام کی خبر دینے والی ہے۔ اگر کسی کو منصب امامت کی تفصیل دیکھنے کا شوق ہو تو وہ حضرت امام برحق مدظلہ العالی کے مکتوبات میں سے بعض خطوط کا مطالعہ کرے کیونکہ ان کے مطالعہ سے اس مقام کی مفصل حقیقت معلوم ہو جائے گی۔

اب اصل بات کی طرف واپس آتے ہیں اور گفتگو کرتے ہیں وہ یہ کہ نماز کے وقت عارف کو اپنے فوق الحقیقت پر عروج واقع ہوتا ہے۔ قاسر کے قسر اور تجلیات سے جو کہ اس کی حقیقت سے بالا ہے، حظ وافراز حاصل ہوتا ہے اور کوئی معترض نہیں ہوتا کیونکہ قاسر کا قسر اس جگہ ہوتا ہے جہاں میل طبعی ہو اور اس مرتبہ میں میل طبعی معلوم ہی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ ہر چند عالم باطن میں جو کہ مجردات میں سے ہے اس میں طبعی رجحان نہیں بلکہ ذاتی رجحان ثابت ہے کہ والی اللہ ترجع الامور کلھا بالجملہ نماز اس کو اس کی حقیقت سے ترقی دلا کر صفت حیات تک پہنچاتی ہے جو کہ اس کی اصل الاصل ہے۔ اور اس مرتبہ میں فنائے کُلّی عطا کرتی ہے اور اس مرتبہ سے زیادہ بلند و بالا عروج کا تصور نہیں کیا جاسکتا جس مرتبہ تک عارف نماز کے ذریعے ترقی حاصل کرتا ہے۔ الصلوٰۃ معراج المومنین۔ کا راز یہاں سے سمجھنا چاہیے اور کمالات نبوت سے مشرف ہوئے بغیر نماز سے بہرہ مند ہونا محال ہے کیونکہ نماز مومنوں کی معراج ہے اور معراج کا کمالات نبوت کے بغیر تصور نہیں کیا جا سکتا اس لیے معراج المومنین کے معنی یہ ہیں کہ نماز مومنوں کو ظاہری اور باطنی ترقی عطا کرتی

ہے گویا دنیا کے میدان سے نکالتی ہے اور آخرت کی دنیا میں لے جاتی ہے اور اس وقت اخروی معاملات کے باب وا کیے جاتے ہیں اور جو کچھ وہاں کے لیے وعدہ کیا گیا ہے زمانۂ حال میں ان امور میں سے حصہ اور فائدہ عطا کیا جاتا ہے۔قرب اور معیت کا معاملہ محسوس کی مانند حاسۂ بصر میں گزرتا ہے اور حضور وشہود کی نسبت رویت کی طرح ہوتی ہے اور حدیث:**قرۃ عینی فی الصلوٰۃ** . اس معاملہ کی خبر دیتی ہے۔غرض کہ نماز **انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام** کے کاموں میں سے ہے۔پیغمبر کا کمال اتباع کرنے والوں کو **علیہ من الصلوٰۃ اتمها و من التحیات التمها** . نماز سے خاص مسرت عنایت کی جاتی ہے اور حصّہ عطا کیا جاتا ہے۔مصرع ؎

این کار دولت ست کنون تا کرا رسد

اور کم لوگ بلکہ بہت ہی کم لوگ ہوں گے جو کہ نماز کے سبب سے ترقی اور عروج حاصل کرتے ہیں **ذٰلک فضل اللّٰہ یوتیہ من یشاء واللّٰہ ذوالفضل العظیم** . اس لیے کہ جب تک سالک مرتبۂ سلوک میں ہے اس کے حق میں دیگر اشغال اور مراقبات نماز سے زیادہ نفع بخش ہوں گے یعنی نوافل نماز سے نہ یہ کہ فرض نمازوں کو ترک کر کے ذکر اور مراقبے میں مشغول ہو جائے کیونکہ فرض ہر حال میں فرض ہے اور منزل مقصود پر پہنچنے کے بعد کی ترقی کا سبب نماز ہے۔اس لیے جس قدر بھی ممکن ہو قرأت کو طول دیں اور نوافل کثرت سے پڑھیں۔مصرع ؎

کار این ست وغیر این همه هیچ

ارادۂ قلبی کا بیان جو کئی قسم کا ہے اور نماز کی نیت اور تکبیر تحریمہ اور وہ اشارات جو ان سے تعلق رکھتے ہیں ان کا بیان اور اُس اسم کا بیان جس کا ظہور نیت کے وقت ہوتا ہے:

جان لو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:**انما الاعمال بالنیات** . یعنی اعمال کی درستی کا انحصار نیتوں پر ہے کیونکہ نیت ارادۂ قلبی ہے اور افعال جو کہ دل کے تابع

ہیں بغیر ارادہ کے وقوع میں نہیں آتے۔ اگر وہ ارادہ نیک ہے تو تمام افعال نیک ہوں گے اور اگر ارادہ بُرا ہے تو جملہ افعال بھی برے ہوں گے اگرچہ بظاہر وہ نیک نظر آئیں اور ارادہ دل کی صفت ہے اور اس کی نیکی اور بدی دل کی اصلاح اور فساد سے تعلق رکھتی ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان فی جسد ابن آدم لمضغة اذا صلحت صلح الجسد کله و اذا فسدت فسد الجسد کله الا وهی القلب . لہٰذا ہم پہلے ارادہ کا بیان کرتے ہیں جس کی کئی اقسام ہیں اور اس کی نیکی اور بدی کو کس طرح شناخت کیا جا سکتا ہے اور ارادۂ باطل اور حق میں کس طرح فرق کیا جا سکتا ہے۔ قلب کی عبادت اور اس کی معصیت کیا ہے۔ اس کے بعد نماز کی نیت کا ذکر کریں گے جو کہ عبادت قلب سے تعلق رکھتی ہے۔ بعون اللہ الهادی العلیم.

جاننا چاہیے کہ ارادۂ قلب کی دو اقسام ہیں۔ ایک وہ ارادہ ہے کہ جس کو ارادۂ خالص جاننا چاہیے اور ایک وہ ارادہ ہے کہ جس کو ارادۂ مشترک سمجھنا چاہیے اور ارادۂ خالص تمام عبادتوں کا راز ہے اور ارادۂ مشترک تمام خطاؤں کا سرتاج ہے۔ پس پہلے ارادۂ مشترک کا بیان ہونا چاہیے تا کہ ارادۂ خالص کے درمیان کا فرق ظاہر ہو جائے۔ ہوش کے کانوں سے سماعت کرنا چاہیے کہ آدمی کے دل میں اور اس کے جسم کے حصّوں میں جو کہ جوارح اور حواس ہیں، ان میں ایک نسبت ہے، جس سے ایک دوسرے کے اثرات ایک دوسرے کے اندر سرایت کرتے ہیں۔ یعنی ہمیشہ قلب، آنکھ، کان، ہاتھ، پانو بلکہ تمام اعضاء سے ایک قوت اور اعانت علی الاتصال حاصل ہوتی ہے کہ اس قوت اور مدد سے وہ کام جو کہ ان میں ہر ایک کے مناسب ہے، ظاہر ہوتا ہے۔ اسی طرح دل میں بھی ان کے اثرات سرایت ہوتے ہیں جیسا کہ آنکھ کے توسط سے رنگوں کو دیکھتا ہے اور کان کے پردے سے آواز سنتا ہے علی هذا القیاس . جملہ حواس اور جوارح میں سے ہر ایک کسی نہ کسی علم سے نسبت رکھتا ہے قلب ان چیزوں کا علم حاصل کرتا ہے اس تقدیر سے معلوم ہوا کہ جس طرح قوت

قلب تمام جسم میں اثر کرتی ہے اسی طرح جسم کا اثر بھی قلب میں سرایت کرتا ہے لہٰذا جسم کی یہ تمام شہوتیں جو کہ طبیعی اور نفسانی خواہشات ہیں، غلبہ کی وجہ سے خود قلب پر اثر انداز ہوتی ہیں اور اس کو مجبور کرتی ہیں کہ اُن کی خواہش کے موافق ارادہ ظاہر کرے تا کہ اُن کے منشا کے مطابق فعل ظہور میں آئے کیونکہ فعل کا ظہور ارادۂ قلب کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ پس یہ ارادہ جو کہ ان شہوتوں کے سبب سے دل میں پیدا ہوتا ہے، ارادۂ مشترک ہے کیونکہ یہ ان شہوتوں کے اشتراک سے پیدا ہوتا ہے اور یہ قلب کا ارادۂ خالص نہیں ہے اور ارادۂ باطل بھی یہی ہے۔ اور جس طرح اعضاء دل کے تابع ہیں اسی طرح دل روح کا تابع اور اس کے جمال کا آئینہ دار ہے اور روح جملہ عالم امر اور عالم ملائکہ سے ہے لہٰذا روح اسم سے موسوم ہے اور ملائکہ کے حق میں وارد ہوا ہے کہ لا یعصون اللّٰہ ما امرھم ویفعلون ما یومرون . پس ہر وہ ارادہ جو کہ دل پر روح کے القا سے، ہوائے نفسانی کی مزاحمت کے بغیر پیدا ہو وہ نیک اور درست ہوگا اور امر الٰہی کے بغیر نہیں ہوگا اور اس سے ارادۂ خالص عبارت ہے اور ارادۂ حق جو کہ باطل کی ضد ہے وہ بھی یہی ہے۔ پس جس وقت کسی کام کا ارادہ دل میں پیدا ہو تو غور کرنا چاہیے کہ ارادۂ خالص ہے یا مشترک ہے۔ اگر خالص ہے تو اس میں سعی وکوشش کرنی چاہیے اور اگر مشترک ہے تو اس میں جو اشتراک ہے اُس کے ازالہ کا قصد کرنا چاہیے۔ اگر ازالہ کی قوت میسر ہو تو قبول کرنا چاہیے ورنہ اس کو ترک کر دے۔ طبعی طور پر نفس انسانی کی یہ خاصیت ہے کہ وہ اچھے اور بُرے کاموں کی اور نیک وبد ارادوں کی اطلاع دیتا ہے اور نفس کہ: وما سواھا فالھمھا فجورھا وتقواھا . اگر ان شہوتوں کے اشتراک کا ایک ذرہ بھی ہوگا تو اس سے آگاہ کر دے گا اور قلب کی عبادت یہی ارادۂ خالص ہے یعنی خالص طور پر اپنے ارادہ کو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی ذات میں محو کر کے اُس جل وعلا کے حضور وشہود میں بالکل فنا ہو جانا چاہیے اور اللہ کے ماسویٰ تمام ارادوں سے اعراض کرنا چاہیے۔ اور ارادۂ مشترک قلب کی معصیت ہے یعنی وہ ارادہ جس میں اپنے

حول وقوت کا اشتراک ہو۔ بہرحال اس تحقیق کے بیان سے معلوم ہوا کہ قلب کی عبادت ارادۂ خالص ہے۔ پس نماز میں جو کہ تمام عبادتوں کا راز ہے اوّل قلب کو عبودیت میں لانا چاہیے تاکہ تمام عبادات راست اور درست ہو کیونکہ تمام جوارح دل کے تابع اور محکوم ہیں اور جب وہ عبادت کرے گا تو تمام جوارح احسن طریقے پر عبادت کریں گے۔ یعنی پہلے نیت کرنا چاہیے اور تمام طبعی اور نفسانی ارادوں سے اعراض کرنا چاہیے اور ارادۂ خالص کے ساتھ کعبۂ مقصود کا احرام باندھنا چاہیے جو کہ معبود حقیقی کا مرتبۂ کبریائی ہے اور لفظ اللہ اکبر کے وسیلے سے جناب کبریا میں متوجہ ہو جانا چاہیے اور کلمہ تکبیر کہنے کے ساتھ طائر نفس اور حیوانات واجب الذبح اور آلہہ باطلہ کو ذبح کر دینا چاہیے لان ھذا ذبح عظیم .اور جملہ ماسویٰ سے قطع تعلق کر کے دونوں جہاں سے دست تعلق و احتیاج اُٹھا کر تمام دنیاوی تعلقات سے کنارہ کشی کرنا چاہیے۔ تکبیر میں ہاتھ کانوں تک لے جانے میں یہ اشارت ہے کہ ان گرفتاریوں سے اپنے ہوش کو پاک اور بے ہوش کرنا ہے۔ اور نیت نماز اور تکبیر تحریمہ میں یہ نکتہ ہے کہ جب حق تعالیٰ کے قرب کا ارادہ کرنا چاہے تو پہلے دونوں جہان کے تعلقات سے ہاتھ اُٹھا لینا چاہیے۔ اور نیت نماز میں فنائے قلب اور تجلی ارادی کے بے حد مثمر نتائج ہیں اور اس وقت سبحانہٗ تعالیٰ کے اسم ''المرید'' کی تجلی جلوہ گر ہوتی ہے اور اس تجلی کے اثر سے نمازی کے دل میں نماز کی نیت اور ارادہ پیدا ہوتا ہے اور تکبیر تحریمہ فنائے قلب اور فنائے نفس کے مقام سے مناسبت رکھتی ہے۔

سرِ دوم

قیام اور اس کے مقام کی تحقیق کا بیان، اس اسم کے ظہور کی تفصیل کے ساتھ جو کہ اس سے مناسبت رکھتا ہے:۔

جان لو کہ قیام ارکان نماز میں سے ہے۔ اور حق سبحانہٗ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: وقوموا للہ

قـانتین ۔ یعنی قیام کرو خدا کے لیے استواری کے ساتھ اور ظاہری طور پر قیام وہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد سیدھا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ کر مردوں کو ناف کے نیچے اور عورتوں کو سینہ پر باندھنا چاہیے اور قبلہ رُو کھڑا ہونا چاہیے اور بباطن بادشاہ حقیقی کے سامنے دست بستہ مکمل نیازمندی اور فقیری کے ساتھ قیام میں ہو۔ اور اس عم نوالہ کے حضور و شہود کے استیلا میں محو ہو کر اپنے ظاہری اور باطنی قیام کو اس نسبت سے متصور کرنا چاہیے اور ان اضافاتِ حول وقوت کے اسقاط کو اپنے آپ سے قائم کر کے اس فاعل حقیقی کی جناب سے منسوب کرنا چاہیے۔ اور اپنی اور اپنے علاوہ ہر چیز کی نفی کر کے اس قیوم حق کا مظہر بن جانا چاہیے۔ اور الف کی مانند تمام اسمائے صفات کی کثرت و تعداد سے آزاد ہو کر احدیت مجردہ اور ذات بحت کے مرتبہ میں خصوصی توجہ پیدا کرنا چاہیے۔ اور اگر قرب و شہود کی یہ حالت میسر نہ ہو تو نفس کے مخالف قیام کرنا چاہیے۔ قرأت میں طول دینا چاہیے اور زیادہ دیر تک قیام کرنا چاہیے تا کہ نفس کی مخالفت حاصل ہو اور اجر و ثواب ہاتھ سے نہ جائے۔ اور یہ نماز ابرار ہے اور اگر اس ضمن میں اس کی نسبت کا ظہور ہو اور اس کے مقربین کی نماز سے بہرہ مند ہو تو اس کا شکر بجالانا چاہیے۔ کیونکہ یہ معاملہ حق سبحانہ تعالیٰ کی رحمت اور عنایت سے تعلق رکھتا ہے واللّٰہ یختص برحمتہ من یشاء ۔ اور قیام کے وقت دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر باندھنے میں یہ نکتہ ہے کہ اعمال خیر کا تعلق دائیں طرف سے ہے لہٰذا فرشتہ جو کہ نیکیاں لکھتا ہے اس کی جگہ دائیں ہاتھ کی جانب ہے۔ اور قیامت کے دن دائیں جانب والے اصحاب مومنین ہوں گے اور بُرے اعمال شمال کی جانب سے نسبت رکھتے ہیں اور فرشتہ جو کہ بُرے اعمال تحریر کرتا ہے اس کا مقام بائیں ہاتھ کی جانب ہے اور اصحاب شمال کفار ہوں گے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان الحسنات یذھبن السیات ۔ پس قیام میں جو کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے، اس میں سیات محو ہو جاتے ہیں اور حسنات کے پلّہ کو سیّات کے پلّہ پر ترجیح حاصل ہے۔ اس تقدیر کے مطابق ظاہر میں بھی طرف راست کو جانب شمال پر ترجیح دینا

چاہیے۔ اور اسی لیے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ کے اوپر رکھنا چاہیے تاکہ اس معاملہ کے معنی ظاہری شکل وصورت میں بھی ایک ہو جائیں۔ اور قیام کا یہ رکن عالم بالا کے عروج سے مکمل مناسبت رکھتا ہے اور اس کو قائم رکھنے سے بقا اور عروج کے بے شمار مثمر نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ حتیٰ کہ اربعہ عناصر کے اجزاء کو بھی اس وقت مکمل عروج بہ نظر کشفی مشہود ہو جاتا ہے۔ اور عارف کو اس وقت ظاہری اور باطنی طور پر مکمل ترقی، اس کے مقررہ مقام سے جہاں اس کو سکونت اور استقرار ہے، حاصل ہوتی ہے اور اس وقت سبحانہٗ تعالیٰ کے اسم "القیوم" کا ظہور ہوتا ہے۔ اور صفت قیومیت کے اسرار سے آگاہ کیا جاتا ہے جس کی تفصیل تحریر کرنا بہت زیادہ طوالت کا کام ہے جب کہ اس رسالہ کے لکھنے میں اجمال واختصار پیش نظر ہے تحریر کیا گیا ہے۔ اور یہ صفت قیومیت، صفت حیات سے بہت زیادہ نزدیک نظر آتی ہے۔ اور کوئی صفت، صفت حیات کے علاوہ قیومیت سے قریب تر نہیں ہے اور یہی سبب ہے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ اس صفت کے اسماء کو قرآن مجید میں مسلسل بیان فرماتا ہے کہ: الحی القیوم. پس یہ رکن قیام جو کہ اسم "القیوم" کا ظہور ہے اصل الاصل صلوٰۃ، جو کہ صفت حیات ہے اس سے دیگر ارکان کے مقابلے میں زیادہ قریب اور اولیٰ ہے۔ ہر چند کہ اس مسئلہ میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ سجدہ قیام سے بہتر ہے اور ایک جماعت اس پر متفق ہے کہ قیام سجدہ سے افضل ہے لیکن حضرت ابوحنیفہ کا عقیدہ یہ ہے کہ قیام افضل تر ہے۔ اور یہ فقیر کہتا ہے کہ ہر ایک رکن منفرد خصوصیت اور علاحدہ قرب کا حامل ہے جس شخص کو جس کسی رکن کی حقیقت بتائی گئی اور اُس رُکن میں معاملاتِ قرب درمیان میں لائے گئے، اس کے نزدیک وہ رُکن افضل ہے۔ اور وہ اس کو بہتر کہتا ہے۔ اور اگر کسی کو مکمل فائدہ تمام ارکان سے حاصل ہو اور مکمل نماز سے مکمل حصہ عنایت ہو تو ایسے شخص کے حق میں تمام ارکان بہتر اور افضل ہیں۔

بس کنم خود عابدان را این بس ست
نکتۂ کافی ست گر سامع کس ست

سرِ سوم

قرأت اور سورۂ فاتحہ کی جامعیت اور ہر رکعت نماز میں اس کا ہر سورۃ کے ساتھ ضم کرنے کے سبب کا بیان اور اُس اسم کے ظہور کا بیان جو اُس وقت سے مناسبت رکھتا ہے:-

جاننا چاہیے کہ قرأت بھی نماز کے فرائض اور اس کے ارکان میں سے ہے۔ اور سورۂ فاتحہ پڑھنا اور دیگر سورتوں کے ساتھ اس کو ضم کرنا واجبات میں سے ہے۔ پس پہلے قرأت کی فرضیت کا بیان ہو گا اس کے بعد واجبات کے بارے میں بات کی جائے گی۔ جان لو کہ نماز کا وقت بندہ کے لیے حق جل وعلا سے قریب ہونے کا ہے اور اس کا اپنے رب سے نزدیک ہونے کا زمانہ ہے۔ اور قرب کی خاصیت یہ ہے کہ بندہ کو اپنے رب سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوتا ہے اور اس کے الہامات و انعامات سے بہرہ مند ہوتا ہے۔ پس قرآن مجید جو کہ اللہ کا کلام ہے اس وقت پڑھنا چاہیے تا کہ اس کے کلام سے حصہ نصیب ہو اور اس معاملے سے بہرہ مندی حاصل ہو۔ اور کوئی شخص اس بیان سے یہ خیال نہ کرے کہ بزرگان اور خواص جو کہ شرف الہامات الٰہی سے مشرف ہوئے ہیں اور نماز میں حق تعالیٰ سے بات کرتے ہیں اور اُس کی بات سنتے ہیں اُن کو قرآن شریف نہ پڑھنا چاہیے کیونکہ بلا واسطہ حق سبحانہٗ تعالیٰ سے ہم کلام ہوتے ہیں اور یہی قرب کا حاصل ہے جو کہ نماز میں مطلوب ہے۔ پس قرآن کس لیے پڑھیں۔ حاشا وکلاّ اس لیے کہ کاروبار اولیاء اور کارخانہ، جو کہ ولایت سے تعلق رکھتا ہے انفس کا معاملہ ہے۔ چنانچہ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ عارف جو کچھ دیکھتا ہے اپنے اندر دیکھتا ہے اور جو کچھ پاتا ہے اپنے اندر پاتا ہے۔ ہر چند کہ بعض اولیائے کمال یہ بھی فرماتے ہیں کہ اولیائے کامل کا معاملہ انفس و آفاق سے ماوریٰ ہوتا ہے۔ یہ بات سچ اور درست ہے۔ وہ لوگ جو کہ کمالات نبوت سے مشرف ہوئے ہیں اُن لوگوں کی بہ نسبت جو کہ مرتبہ ولایت میں ہیں ان کا معاملہ البتہ انفس و آفاق سے ماوریٰ ہے

لیکن انبیاء علیہم السلام کا پہلو بھی انفس کے شائبہ سے خالی نہیں اور جو کام انبیاء سے تعلق رکھتا ہے بالتحقیق انفس وآفاق سے ماوریٰ بلکہ انفس وآفاق سے وراء الوریٰ ہے۔ پس قرآن مجید جو کہ کلام الٰہی ہے اور راست مرتبۂ اعلیٰ تک لے جانے والا ہے اس کو نماز میں پڑھنا چاہیے تاکہ قرب اصل کے مرتبہ میں حاصل ہو۔ اور جل جلالہ کے کلام حقیقی سے کچھ حصہ میسر ہو اور وہ کلام جو کہ الہامات میں ہوتا ہے انفس کی آلودگی سے پاک نہیں۔

سوال: اس بیان سے معلوم ہوا کہ اولیاء کا معاملہ انفس سے حالی نہیں اور انبیاء کا معاملہ انفس وآفاق سے ماوریٰ ہے۔ لہٰذا یہ کلام جو کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے توسط سے ہم تک پہنچا ہے اللہ تعالیٰ کا حقیقی کلام ہے۔ پس اسی لیے قرآن شریف نماز میں پڑھنا چاہیے تاکہ قرب میں ترقی حاصل ہو۔ اور اصل معاملہ سے بہرہ مندی میسر ہو۔ لیکن جب پیغمبر کا معاملہ خودان الواث سے پاک ہے اس تقدیر پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں قرآن کیوں پڑھنا چاہیے تھا اور اس کلام پر جو کہ اس وقت حق سبحانہٗ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوتا تھا اس پر کیوں اکتفا نہ کرنا چاہیے تھا؟

جواب: پیغمبر علیہ من الصلوٰت اتمہا ومن التحیات اکملہا کو دو طرح کی قربت حاصل ہے۔ ایک وہ قربت ہے جو نبوت سے تعلق رکھتی ہے اور دوسری قربت وہ ہے جس کا ولایت سے تعلق ہے۔ قرآن مجید کا معاملہ قرب نبوت سے آگاہ کرنے والا ہے اور انفس وآفاق سے ماوریٰ ہے۔ اور حدیث قدسی ناشی از قرب ولایت اور حجاب انفس ہے اور حدیث اضافت سے خالی نہیں ہے۔ یہی سبب ہے کہ اس کو حدیث قدسی کہتے ہیں اور فقط کلام الٰہی نہیں کہتے ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ پیغمبر کو بھی نماز میں قرآن پڑھنا چاہیے اور حدیث قدسی پر اکتفا نہیں کرنا چاہیے۔

اور اس کا سبب کہ سورۂ فاتحہ کا پڑھنا اور دیگر سورتوں کو اس سے ملانا کیوں واجب ہے وہ یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ قرآن کے تمام اسرار کی جامع ہے۔ چنانچہ حضرت امیر المومنین

علی مرتضٰی افاض اللّٰہ علینا فیوضات علمہ فرماتے ہیں کہ قرآن کے تمام اسرار ''فاتحۃ الکتاب'' میں ہیں۔ پس جب یہ سورۃ ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے تو گویا تمام قرآن شریف کی تلاوت ہوتی ہے۔ اور یہ سورۃ صفت کلام کے مرکز، جو کہ مرتبۂ اجمال ہے اس سے مناسبت رکھتی ہے۔ اور تمام قرآن مجید اس کے دائرے میں مقام تفصیل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس سورۃ کو عروج تمام سے مناسبت ہے۔ اور اس سورۃ کے اسرار کا انکشاف کمال عروج اور قرب ولایت کے وقت ہوتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ اس سورۃ کے اسرار شاہِ ولایت پر تفصیل کے ساتھ منکشف ہوئے جو کہ قول مذکور سے اس معنی پر ظاہر ہے۔ اور دیگر سورتوں کو سورۂ فاتحہ کے ساتھ اس لیے ملانا چاہیے کہ اجمال اور تفصیل کے مرتبہ سے فیض حاصل ہو سکے اور صفت کلام سے پورا پورا حصہ حاصل ہو۔ اور اس وقت سبحانہٗ تعالیٰ کے اسم ''المتکلم'' کا ظہور ہوتا ہے اور اس مقام میں فنا حاصل ہوتی ہے۔
پس نمازی کو چاہیے کہ قرآن شریف کی تلاوت کے وقت جو کہ کلام الٰہی ہے، خود کو موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درخت کی مانند تصور کرے۔ یعنی جس طرح حضرت موسیٰ، اللہ سبحانہٗ کا کلام اس درخت کے پردے سے سنتے تھے اسی طرح یہ شخص اس وقت وہ سروش غیبی اپنی آواز کے ساز اور زبان کے زخمہ سے سنتا ہے۔ اور اپنے حول اور قوت سے بے زار ہو کر مکمل فنا اور استغراق تمام صفتِ کلام کے مرتبہ میں حاصل کرے۔ اور یہ کیفیت پیدا کر لے کہ گویا اس وقت بغیر واسطے کے حق سبحانہٗ تعالیٰ کی جناب میں گوش بر آواز ہے اور بانسری کی طرح خود کو خالی کر کے اپنی آواز کے نغمے کو بانسری کا نغمہ تصور کرے اور اس نفخہ سے یہ خیال کرے کہ ونفخت فیہ من روحی.

سرِ چہارم

رکوع اور اس سے مناسبت رکھنے والی چیزوں کا بیان اور اُس اسم کا بیان جس کی تجلی

اس وقت جلوہ گر ہوتی ہے:-

حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ: وارکعوا مع الراکعین. پس رکوع بھی فرض ہے اور ارکان نماز میں سے ایک رکن بھی ہے۔ اور اس کی صورت پشت کو خم کرنے سے واقع ہوتی ہے اور اس کی حقیقت حق سبحانہٗ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری ہے۔ اور اس وقت خود کو مکمل تعظیم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے سامنے پست کر کے تمام مخلوقات کی بزرگی اور عظمت کو جو کہ بظاہر بزرگ اور عظیم نظر آتی ہیں اپنے دل سے دور کر کے تمام ملک اور فلک کو عبادت اور رکوع میں مقید اور خم جان کر خود کو بھی اس کام میں شریک کرنا چاہیے۔ اور آیتِ کریمہ "ارکعوا مع الراکعین" میں یہی اشارہ ہے اور اس رکن کی مثالی صورت عالم مثال میں قوس کی مانند ظاہر ہوتی ہے اور نصف دائرہ کی شکل میں مشکّل معلوم ہوتی ہے۔ اور اس وقت جب غور سے دیکھو گے تو دوسرا نصف دائرہ بھی مکشوف ہو جائے گا لیکن لطافت اور تنزیہہ تمام سے اس وقت اس راز کی حقیقت سے آگاہ کیا گیا کہ یہ رکوع کی حقیقت کا مقام ہے اور اس کی اصل ہے اور یہ عروج و نزول اور تنزیہہ اور تشبیہہ کے درمیان مرتبۂ برزخ ہے۔ پس یہی سبب تھا کہ پہلے نصف دائرہ جو کہ نزول اور تشبیہہ سے مناسبت رکھتا تھا ظاہر ہوا اور قوس اعلیٰ پوشیدہ رہا لیکن اللہ کے فضل سے کچھ دیر بعد رنگ لطافت اور تنزیہہ تمام میں مشہود ہوا اور اس رُکن کی بجا آوری میں کثرت سے مثمر نتائج مکمل استغراق اور حقیقت اسلام کے ہیں۔ اور اس وقت عظمت الٰہی کا ظہور ہوتا ہے اور حق سبحانہٗ تعالیٰ کا اسم "العظیم" متجلی ہوتا ہے۔ اور یہی سبب ہے کہ رکوع میں "سبحان ربی العظیم" کی تسبیح میں مشغول ہوتے ہیں اور اس کا سبب کہ رکوع کے بعد قیام کیوں کرنا چاہیے یہ ہے کہ قیام دراصل مکمل عروج سے مناسبت رکھتا ہے اور اس وقت عارف کو مکمل عروج حاصل ہوتا ہے چنانچہ گزشتہ تحقیق میں گزر چکا ہے کہ رکوع، عروج سے بھی مناسبت رکھتا ہے۔ اور مرتبہ نزول کے شروع سے بھی، جیسا کہ اس کی شرح گزر چکی ہے۔ اور مقرر ہے کہ پہلے عروج

واقع ہوتا ہے اس کے بعد نزول کے معاملات شروع ہوتے ہیں۔ پس جب قیام میں مکمل عروج حاصل ہو جائے تو نزول کی طرف متوجہ ہونا چاہیے اور اوّل مرتبہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے جو کہ عروج اور نزول پر مشتمل ہے۔ اور اس کے بعد مکمل طور پر مقام نزول میں نزول کامل کرنا چاہیے اور یہی قیام کے بعد رکوع کرنے کا سبب ہے۔

سرِ پنجم

سجدہ اور اس کے عروج کا بیان جو کہ سجدہ کے وقت حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذکر جس کی تجلی اس وقت جلوہ گر ہوتی ہے:-

جان لو کہ سجدہ بھی ارکان نماز اور اس کے جملہ فرائض میں سے ہے۔ اور اس کی ایک صورت اور حقیقت ہے۔ اور اس کی صورت ہر شخص پر ظاہر ہے اور جملہ کتابوں میں تحریر ہے لیکن اس کی حقیقت زیادہ تر لوگوں کی نگاہوں سے مستور ہے۔ بہت کم لوگ ہیں جو محض عنایت الٰہی کے طفیل حقیقت سجدہ کی آگاہی کے شرف سے مشرف ہوئے ہیں اور سجدہ کے وقت واقع ہونے والے عروج سے بہرہ مند ہوئے ہیں۔ اور سجدہ کی بجا آوری کے سبب ترقی پاتے ہیں اور معشوق کے قدم بوسی کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ اور یہ رُکن عروج اور نزول سے مکمل نسبت رکھتا ہے۔ ہر چند کہ رکوع بھی عروج اور نزول کا جامع ہے لیکن اس قدر ہے کہ رکوع میں پلۂ عروج کو نزول پر ترجیح ہے۔ اور سجدہ میں نزول کی جانب قوی ہے اور سجدہ کو نزول کے مرتبہ مین اجزائے ارضی کے ساتھ نسبت کلّی ہے۔ اور عروج کی طرف لطیفۂ اخفیٰ سے مناسبت تمام ہے۔ یہی وجہ تھی کہ شیطان نے سجدہ نہیں کیا کیونکہ وہ آگ سے پیدا ہے۔ اور کرۂ ناری کے جزوی اثر کی وجہ سے زمین کی طرف رجحان نہیں دکھایا۔ اور حقیقت سجدہ سے جو کہ بہت بلند ہے، محروم رہا اور اسفل السافلین میں محبوس ہوا۔ اور کیونکہ یہ رکن نزول کے اعتبار سے تمام ارکان میں فروتر اور جملہ عبادات سے پایان تر ہے تو جو عروج

اس کے توسط سے واقع ہوگا وہ تمام عروجات سے اعلیٰ اور فوق الفوق ہوگا۔اور اس کا التزام مراتب نزول اور حقیقت عبودیت اور تجلی خاص کے کثیر نتائج سے مثمر ہوگا۔اور اس رُکن کا اصل الاصل حق سبحانہٗ تعالیٰ کا اسم "الاعلی" ہے۔اور اس وقت حق سبحانہٗ تعالیٰ کے اِس اسم کا ظہور ہوتا ہے اگرچہ کشفی نظر میں اس وقت اکثر اسماء علیٰ تفاوت الحالات مشہود ہوتے ہیں لیکن اس اسم کی خصوصیت دوسری ہے۔یہی وجہ ہے کہ سجدہ کے وقت "سبحان ربی الاعلی" کی تسبیح پڑھنا چاہیے۔اور اس رکن کو ولایت ملائکہ کے ساتھ جو کہ نہایت اعلیٰ ہے، عروج کی جانب اور نزول کی طرف حقیقت عبودیت سے مناسبت تمام یعنی کامل ہے۔جو کہ کمالات نبوت کا مشعر ہے۔اور قیام میں جو عروج واقع ہوتا ہے وہ سر کی طرف سے فوق کی سمت اور جانب بالا واقع ہوتا ہے۔اور کرۂ ہوا سے شروع ہوتا ہے۔ہوا سے کرۂ آتش پر اور وہاں سے آسمان اوّل دوم سوم الیٰ ماشاء اللہ،اور چونکہ سجدہ جز ارضی سے مکمل مناسبت رکھتا ہے اس کا عروج بھی کرۂ ارضی سے ہے،اور نیچے کی طرف جو کہ حقیقت میں بلندی کی طرف ہے اور حضرت قبلہ کونین ایدنا اللہ بنصرۃ سرہ وقد سنا ببرکۃ کی تحریر کے مطابق کرۂ ارضی سے کرۂ آبی تک گزشتہ تفصیل کے موافق تحت کی جانب سے جس جگہ تک کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ کی مرضی ہے،عروج واقع ہوتا ہے۔اور تحت کی جانب سے عروج،کمالات نبوت میں سے ہے۔ لہٰذا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کی شب میں اسی جہت سے عروج واقع ہوا تھا۔یعنی بیت الحرام سے جو کہ زمین کے ناف پر واقع ہے،بیت المقدس تک جو کہ زمین مکہ کی بہ نسبت فروتر ہے اور یہاں سے کرۂ ارضی اور کرۂ آبی کو طے کرتے ہوئے تمام عناصر اور افلاک کو مراتب کی ترتیب سے قطع کر کے اس مقام تک پہنچے۔اور اگر عروج اس فوق کی طرف سے واقع ہوتا جو کہ حقیقت میں تحت کی جانب ہے تو بیت المقدس کیوں درمیان میں آتا۔اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیت المقدس پہنچنے کی حق سبحانہٗ تعالیٰ خبر دیتا ہے جس جگہ فرماتا ہے: سبحانہ الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ الذی

بار کنا حوله لنريه من آياتنا. پس ثابت ہوا کہ عروج نبوت، تحت کی جانب سے واقع ہوتا ہے اور ولایت کا عروج فوق کی جانب سے میسر ہوتا ہے۔ چنانچہ اس جگہ قیام کے عروج کا بیان مذکور ہوا۔ اور عروج ولایت میں عالم اعلیٰ کی معرفت اجمالی ہے۔ اور عروج نبوت میں عالم بالا اور پائین کی معرفت تفصیلی ہے۔ اور جب تک عروج فوق کی طرف سے ہے تو معاملہ ولایت پر مبنی ہے۔

بس کنم خود عارفان را این بس ست
نکته کافی ست گر عارف کس ست

سرِ ششم

قعدہ اور اس سے متعلق معارف کا بیان اور اس اسم کے ظہور کا بیان جو اس وقت جلوہ گر ہوتا ہے:-

جان لو کہ قعدہ بھی ارکان نماز میں سے ہے۔ اور اس کی بھی ایک صورت اور حقیقت ہے۔ اور اس کی صورت بیان کی محتاج نہیں۔ اور اس کی حقیقت اکثر علماء بلکہ اولیاء کی نظر سے بھی مخفی ہے۔ کیونکہ اس رُکن کی دوسرے ارکان کے مقابل کوئی قدر نہیں۔ پس اس کی حقیقت کا بیان ضروری بلکہ فرض اور عنایت الٰہی کا اظہار اور اس کے حکم سے امتثال ہے کہ: وامابنعمة ربك فحدث. ہوش کے کانوں سے سماعت کرنا چاہیے کیونکہ یہ رُکن حقیقتِ نماز کا آخری مرتبہ ہے۔ اور اطلاق وتعین کے مرتبہ سے مناسبت تمام رکھتا ہے۔ احوال تحولات سے پاک اور مبنی از مقام تمکین ہے۔ اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ دل کو خطرات غیر کی گردش سے محفوظ رکھنا چاہیے۔ اور اللہ کے حضور وشہود میں اس کے ذکر سے تسکین و آرام دینا چاہیے۔ اور اس کا التزام مقام تمکین اور اطمینان نفس کے کثیر نتائج سے مشمر ہے۔ اور مکمل متانت اور بردباری اس رکن کا نتیجہ ہے۔ اور اس وقت اللہ تعالیٰ کے نام "المتین"

کا ظہور ہوتا ہے اور نزول کے اعتبار سے تمام عالم سے مناسبت رکھتا ہے۔ اور عروج کے لحاظ سے صرف تنزیہہ کی طرف متوجہ ہے۔ اور اس کی تمکین کی شرح یہ ہے کہ جس طرح سالک راہِ سلوک میں ترقی حاصل کرتا ہے تو سب سے پہلے احوال و اذواق کے دروازے جو کہ تلوین سے مناسبت رکھتے ہیں، اس پر کشادہ ہوتے ہیں۔ اور ایک حال سے دوسرے حال میں داخل ہوتا ہے۔ اور جب اس کا سلوک مکمل ہو جاتا ہے تو وہ راستے سے باہر آتا ہے اور کعبہ مقصود تک پہنچتا ہے۔ اس وقت یہ تمام حالات تلوینات مخفی ہو جاتے ہیں۔ اور مرتبہ کے مطابق جو کہ اس سالک کی استعداد کے مناسب ہو، اس کو مقام عطا کیا جاتا ہے۔ اور تمکین و اطمینان کے شرف سے مشرف کیا جاتا ہے۔ اور اسی طرح نماز کے دیگر ارکان میں رنگا رنگ حالات و تجلیات جو کہ تلوین سے مناسبت رکھتے ہیں اُن کا ظہور ہوتا ہے۔ لیکن جب فضل الٰہی سے دوسرے تمام ارکان کے مراتب طے ہوتے ہیں اور مرتبہ حقیقت صلوٰۃ اختتام کے قریب پہنچتا ہے اس وقت اس رکن کی حقیقت کا ظہور ہوتا ہے۔ اور اطمینانِ نفس مکمل تمکین میسر ہوتی ہے۔ اور عارف پورے طور پر تحولات کے احوال سے باہر آتا ہے اور رجوع خاص صرف تنزیہہ کی جانب پیدا کرتا ہے۔

سرِ ہفتم

نمازی کے قولاً و فعلاً نماز سے باہر آنے کا بیان اور اس کا سبب کہ لفظ ''سلام'' نماز سے باہر آنے کے لیے کیوں واجب ہے اور سبحانہٗ تعالیٰ کے اس اسم کا بیان جو کہ اس وقت جلوہ گر ہوتا ہے۔ اور کتاب کا اختتام:-

جاننا چاہیے کہ نمازی کا نماز سے باہر آنا بھی قولاً یا فعلاً فرض ہے۔ اور ارکان نماز میں سے ایک رُکن بھی ہے۔ اور لفظ سلام کے ساتھ نماز سے باہر آنا واجب ہے۔ چنانچہ مسائل کی تمام کتابوں میں تحریر ہے۔ لیکن اس کے اسرار مخفی اور مستور ہیں۔ لیکن جناب حضرت

